Website:www.dailysarmaya.com

یقین افراد کا سرمایۂ تعمیر ملت ہے

ABC CERTIFIED

Daily SARMAYA Hyderabad

روزنامہ سرمایہ حیدرآباد

ایڈیٹر احسان الحق راؤ

Regd No: NS-134

جلد 11 | بروز بدھ 9 مارچ 2022ء 5 شعبان المعظم 1443ھ قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 217

سائلین کی شکایات کا بروقت ازالہ کریں گے، ساغر حسین

محتسب آفس کو وفاق سے متعلق شکایات موصول ہوتی ہیں، سب سے زیادہ شکایات حیسکو، نادرا اور سوئی گیس کیخلاف آتی ہیں

میرپورخاص (نمائندہ) وفاقی محتسب ریجنل ہیڈ سید ساغر حسین زیدی نے کہا ہے کہ محتسب آفس کو وفاقی اداروں سے متعلق شکایات موصول ہوتی ہیں، سب سے زیادہ شکایات حیسکو، نادرا اور سوئی گیس کے خلاف آتی ہیں، محتسب آفس سے سائلین کی شکایات کا بروقت ازالہ کر کے ان کو ریلیف فراہم کیا جاتا ہے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے نادرا آفس کا اچانک دورے اور محتسب آفس میں حیسکو کے خلاف سائلین کی شکایات سننے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے مذید کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر ریجن کے تمام اضلاع میں جا کر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

بقیہ نمبر ☆......☆ 5

وفاقی اداروں کے خلاف سائلین کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر احکامات جاری کر کے ان کا ازالہ کیا جاتا ہے انھوں نے مذید کہا کہ وفاقی محتسب آفس کو پہلے نمبر پر واپڈا، نادرا اور سوئی گیس کے خلاف شکایات موصول ہوتی ہیں اور شکایات موصول ہونے کے بعد قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد شکایات کا ازالہ کیا جاتا ہے انھوں نے کہا کہ سندھ میں وفاقی محتسب کے تین ریجن ہیں جن میں کراچی، حیدرآباد اور سکھر شامل ہیں حیدرآباد ریجن کے سائلین کی شکایات حیدرآباد میں سنی جاتی ہیں اور اگر جس ضلعے کے سائلین کی تعداد دس سے زیادہ ہوتی ہے تو ہم اس ضلعے میں جا کر ان کی شکایات سن کر ان کا ازالہ کیا جاتا ہے انھوں نے بتایا کہ عوام کی سہولت کیلئے جلد میرپورخاص میں بھی محتسب آفس کھولا جا رہا ہے جس کیلئے تعلقہ شجاع آباد میں جگہ بھی حاصل کی جا چکی ہے جس سے اس ڈویژن کے مختلف وفاقی اداروں کے صارفین کی شکایات کا ازالہ ہو سکے گا اس سے قبل انھوں نے محتسب آفس میں حیسکو صارفین کی شکایات سنیں اور حیسکو افسران کو موقع پر احکامات جاری کر کے صارفین کو ریلیف فراہم کیا بعد ازاں انھوں نے نادرا آفس کا اچانک دورہ کر کے وہاں موجود شناختی کارڈ بنوانے والوں، نادرا افسران اور عملے سے درپیش مسائل معلوم کیے اور

ان کی شکایات کا بروقت ازالہ کیا۔

بقیہ نمبر ☆......☆ 6